# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

***Text of Urdu news Bulletin***

***Date : 18 August 2026***

***Time : 12:30 PM***

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ گفت وشنید صرف الفاظ کا تبادلہ نہیں بلکہ دلوں کے درمیان ایک پُل اور امن وخوشحالی کیلئے اعتماد کو پروان چڑھاتی ہے۔ ''Save Youth, Save Future'' فاؤنڈیشن کی طرف سے پلوامہ میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 6 ہزار سال قبل ہمارے ملک نے ایک ساتھ چلنے، ایک ساتھ تحفظ کرنے اور ایک دوسرے کیلئے دلوں میں جگہ بنانے کا ایک خوبصورت پیغام دیا تھا۔ انہوں نے اسکولوں، کالجوں اور کمیونٹی مراکز میں بین المذاہب مذاکرات منعقد کرانے کی ضرورت پر زور دیا۔

--------**LG Byte** --------

وزیر اعلیٰ ملاقات

بیروہ کے ایم ایل اے شفیع احمد وانی کی قیادت میں ایک عوامی وفد نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کر کے اپنے علاقوں کی ترقیاتی ضروریات اور انہیں درپیش مسائل وزیر اعلیٰ کی نوٹس میں لائے۔ ٹراول ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے بھی سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کی، جس دوران انہوں نے جموں وکشمیر میں سیاحت کے شعبے کو درپیش کئی مسائل پر تبادلہ خیال کیا۔

دریں اثناء بڑی براہمنا انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے ایسوسی ایشن کے صدر ترن سنگلا کی سربراہی میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ وفد کے ارکان نے جموں وکشمیر میں صنعتی ترقی سے متعلق کئی معاملات پر وزیراعلیٰ کے ساتھ تبادلۂ خیال کیا۔ اس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ سریندر کمار چودھری اور وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی موجود تھے۔

سکینہ ایتو

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل سرینگر میں جموں وکشمیر شیڈولڈ کاسٹ، شیڈولڈ ٹرائب اینڈ بیک وارڈ کلاسز ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرس کی 46ویں میٹنگ میں کارپوریشن کی کارگذاری کے علاوہ انتظامی اور مالی معاملات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ادارہ جاتی لائحہ عمل کو مزید مستحکم کرنے اور کارپوریشن کی اسکیموں کی مؤثر عمل آوری کی ہدایت دی۔

برکس

آج نئی دلی میں برکس ممالک کے وزرائے ماحولیات کا **12** واں اجلاس شروع ہوگیا ہے۔ بھارت کی میزبانی میں منعقد ہو رہے اس اجلاس میں ماحولیات کی پاکیزگی سے متعلق اتفاقِ رائے پیدا کرنے اور ماحولیاتی تعاون کو مضبوط بنانے کیلئے گفت وشنید ہو رہی ہے۔ اجلاس کی صدارت ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو کر رہے ہیں۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں منعقد ہونے والے انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں وکشمیر کے کامیاب انعقاد کیلئے تیاریاں مکمل کرنے اور متعلقہ محکموں کے مابین قریبی تال میل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کمشنر موصوف نے ایک میٹنگ کے دوران اس فلم فیسٹیول کیلئے اب تک کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ ناظم اطلاعات شریا سنگھل نے انہیں اس بارے میں تفصیلی جانکاری دی۔ واضح رہے کہ انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف جموں اینڈ کشمیر سرینگر میں 7 سے 10 ستمبر تک منعقد ہو رہا ہے۔

تلاشی کارروائیاں

فوج نے جموں صوبے کے اُدھمپور، ریاسی اور کٹھوعہ اضلاع کے کچھ علاقوں میں تلاشی کارروائیاں شروع کی ہیں۔ یہ کارروائیاں ان علاقوں میں مشتبہ افراد کی نقل وحمل کے بارے میں اطلاعات موصول ہونے کے بعد شروع کی گئیں۔ فوج نے ریاسی کے سادنی جنگلات اور کٹھوعہ کے ہیرانگر سیکٹر میں بین الاقوامی سرحد کے نزدیک کئی علاقوں میں بھی تلاشی کارروائیاں انجام دی ہیں۔ آخری اطلاعات ملنے تک تلاشی کارروائیاں جاری تھیں۔ اس دوران فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل پرتیک شرما نے کل پونچھ ضلع میں واقع فوج کی اگلی چوکیوں کا دورہ کرکے ایل اوسی پر سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق وِنگ نے انسداد رشوت خوری ایکٹ کے تحت میر گنڈ بڈگام کے رہنے والے غلام احمد گنائی نامی ایک شخص کے خلاف سپیشل جج اینٹی کورپشن سرینگر کی عدالت میں فردِ جرم داخل کیا ہے۔

زرعی یونیورسٹ

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے ویٹرنری سائنسز اینڈ انیمل ہسبنڈری شعبے کے اہتمام سے شہامہ میں سال **2020** بیچ کے **77** طلباء کیلئے گریجویشن ڈے منعقد کیا گیا۔ تقریب کے دوران ان طلباء کو ڈگری کی پروویژنل سرٹیفکیٹس عطا کی گئیں۔ اس موقعے پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے ان طلباء کو مبارکباد دیتے ہوئے انہیں اپنی صلاحیتوں کا مناسب اور بھرپور استعمال کرنے کی تلقین کی۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کی دیگر خانقاہوں، مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام جاری ہے۔

درگاہ حضرتبل میں ختمات المعظمات کی مجلس کا اہتمام ہر روز نماز عصر سے نماز مغرب تک ہوتا ہے جبکہ آثار شریف شہری کلاشپورہ میں یہ مجالس صبح **8** بجے سے شروع ہوتی ہیں۔عید میلادُ النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاول یعنی **26** اگست کو منائی جائے گی۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ